حیسکو پریس مورخہ 23.12.2021

حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف بڑے پیمانی پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ قاسم آباد، لطیف آباد میرپورخاص، ٹنڈو محمد خان، ٹنڈو الہیار، ٹنڈو جام وگردونواح میں بجلی چوروں کے 401 کنکشن منقطع کردیئے، نادہندگان سے ایک کروڑ 98 لاکھ 48 ہزار سے زائد ریکوری کرکے نادہندگان کے 267 کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں، 02 عدد 50 کے وی اے کے ٹرانسفارمر بھی اتار لیئے گئے ہیں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد (   ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات ہیں کہ سب سے پہلے صارف، ہمیں صارفین کی کیئر کرنے ہے، حیسکو ملازمین وصارفین حیسکو کے محافظ ہیں، ہمیں صارفین کو بہتر سے بہتر بجلی فراہمی کرنے ہے، اس لیئے بجلی چوری اور نادہندگان سے واجبات کی 100% وصولی ضروری ہے۔ اس سلسلے میں حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق سپرنٹینڈنٹ انجنیئر سرکل حیدرآباد نثار احمد میمن کی سربراہی میں آپریشن سب ڈویژن قاسم آباد میں XEN قاسم آباد عقیل نور میمن SDO قاسم آباد وحید برڑو کے ہمراہ سب ڈویژن قاسم آباد کے علاقوں کارروئیاں کرتے ہوئے بجلی چوروں کے 67 کنکشن منقطع کرکے 56 لاکھ 60 ہزار 230 روپے کی وصولی کی اور نادہندگان کے 38 کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں، اس کے علاوہ SDO شہید امید علی سب ڈویژن زاہیت شیروانی نے کارروائی کے دوران 58 کنڈہ کنکشن کاٹ کر تاریں اپنے قبضے میں لے لیں اور نادہندگان کے 29 بجلی کنکشن واجبات کی ادائیگی نہ کرنے پر کاٹ دیئے۔ میرپورخاص میں کارروائی کرتے ہوئے XEN میرپورخاص افتخار سومرو کی سربراہی میں SDO سٹی میرپورخاص وقار سلیم نے مختلف علاقوں سے 69 غیر قانونی کنڈہ کنکشن ہٹائے گئے ہیں اور نادہندگان کے 55 کنکشن بجلی کے بلوں کی عدم ادائیگی پر کاٹے گئے، نادہندگان سے 55 لاکھ 90 ہزار روپے کی وصولی بھی کی گئی ہے۔ XEN ٹنڈو الہیار منظور مگسی کی سربراہی میں ٹنڈو الہیار اور ٹنڈو جام میں SDO امتیاز میمن نے کارروائی کرتے ہوئے رشید کالونی و دیگر شہری و دیہی علاقوں میں بجلی کنکشن میں چوری پکڑی گئی فوری طور پر 121 کنکشن منقطع کرکے تاریں ضبط کرلی ہیں، اور نادہندگان کے 92 کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں، اور نادہندگان سے 46 لاکھ سے زائد کی وصولی کی گئی ہے۔ XEN ٹنڈو محمد خان امیر احمد میمن کی سربراہی میں ٹنڈو محمد خان سب ڈویژن ون میں کارروائی کے دوران گاؤں حاجی خاصخیلی اور کمبوہ خاصخیلی کے واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری میں ملوث ہونے والے 02 عدد 50 کے وی اے کے ٹرانسفارمر اتار لیئے گئے جس کے مجموعی طور پر 86 کنڈہ کنکشن اور نادہندگان سے 53 کنکشن منقطع ہوئے ہیں اور نادہندگان سے 39 لاکھ 98 ہزار روپے کی وصولی بھی کی گئی ہے۔ بجلی چوروں کے خلاف محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، نادہندگان کے بجلی کے بلوں کی ادائیگی چیک کرتے ہوئے نادہندگان کو موقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بنا کے دی گئیں، واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رہیں گی۔ آپ کے تعاون کا متمنی۔ حیسکو